افادات وملفوظات عزیزیہ

مولف: الحاج عتیق الرحمٰن۔ صفحات: 176۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد نوشہرہ، فون: 0301-3019928

حضرت شاہ عبدالعزیز دُعاجو رحمۃ اللہ علیہ اپنے دور کے ممتاز بزرگ اور صاحب نسبت شیخ تھے۔ آپ بانی تبلیغ حضرت مولانا محمد الیاس دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے قریبی ساتھیوں میں سے تھے۔ تقسیم ہند کے بعد آپ پاکستان آگئے تھے، اور یہاں دعوت وتبلیغ کے کام کو خوب جمایا۔ رائے ونڈ مرکز جو آج عالمی سطح پر تبلیغ کا تعارف کا عنوان بن گیا ہے، اس مرکز کے بانیوں میں سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو گوناگوں خوبیوں سے نوازا تھا۔ صدق مقال اور حسنِ کلام کی نعمت سے مالا مال تھے۔ بیان اور گفتگو میں ایسے نکتے کی باتیں فرماجاتے جو عام طور پر بیسیوں کتابوں کے مطالعے سے بھی نہیں ملتیں۔ زیر نظر کتاب آپ کے انہی ملفوظات کا مجموعہ ہے۔ جو ''از دل خیزد بر دل ریزد'' کا مصداق ہیں۔ کتاب کے آغاز میں حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہم اور جناب شیخ ڈاکٹر فدا محمد صاحب مدظلہم کے تاثرات شامل ہیں۔

درسی تقریر ہدایۃ النحو

مرتب: مولانا ابومحمد بہارعلی۔ صفحات: 322 قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: مکتبہ ابن عباس، مدرسہ ابن عباس تخت بھائی، مردان۔ فون: 0336-9559130

زیر نظر کتاب استاذ العلماء مولانا محمد قاسم مدظلہم کے ہدایۃ النحو کے درسی افادات کا مجموعہ ہے۔ ہدایۃ النحو اپنی افادی حیثیت کی وجہ سے درس نظامی کے نصاب میں بنیادی کتاب ہے۔ اس کی متعدد شروح کتب خانوں سے دستیاب ہیں۔ جیسا کہ محاورہ ہے...... ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است۔ یہ کتاب بھی اپنے افادی پہلوؤں کے اعتبار سے جداگانہ حیثیت رکھتی ہے۔ شائقین علم کو اس کتاب سے ضرور استفادہ کرنا چاہیے۔

جرعة الزلال فی مسئلة رؤیة الهلال

یہ مختصر کتابچہ مولانا محمد ایوب سعدی مدظلہ کا تحریر کردہ ہے۔ اس میں مولف محترم نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ...... ''رویت ہلال کا مسئلہ قضا کی بجائے شہادت سے متعلق ہے، جس میں فقہاء کرام نے قضاء قاضی کے لیے گنجائش نہیں چھوڑی ہے۔'' کتابچہ جامعہ عربیہ سراج العلوم صفدر ٹاؤن لکی مروت (کے۔ پی۔ کے) سے دستیاب ہے۔ فون: 0301-8757048